خلاصہ خطبہ جمعہ 04 اگست 2023ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تشہد، تعوذ، تسمیہ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

الحمدللہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ ہفتہ جماعت احمدیہ یوکے کا جلسہ سالانہ کامیابی سے منعقد ہوا۔ اس پر ہم جتنا بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کم ہے کہ اس نے ہمارے جلسے کو برکتوں سے بے انتہا بھرا اور اسے ہر ایک نے محسوس کیا چاہے وہ احمدی مہمان تھے یا مختلف ممالک سے آنے والے غیر احمدی مہمان تھے۔

ہم تو کمزور ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے ہی ہمارے کام ہوتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش جماعت پر اس طرح ہوتی ہے کہ اس کا شمار ہی ممکن نہیں۔ ہم تو اللہ تعالیٰ کی اس بات کا ہر وقت مشاہدہ کرتے ہیں کہ:

وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ لَا تُحۡصُوۡهَا ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ

اور اگر تم اللہ کی نعمت کو شمار کرنا چاہو تو اسے احاطہ میں نہ لا سکو گے۔ یقیناً اللہ بہت بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

پس اللہ تعالیٰ تو ہماری کمزوریوں سے صرف نظر فرماتے ہوئے اتنا زیادہ اور ایسے طریقے سے ہمیں نوازتا ہے کہ کبھی بھی اس کی شکر گزاری کا حق ادا نہیں کر سکتے۔ لیکن ہمیں حکم بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے چلے جاؤ۔ اور اگر تم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے چلے جاؤ گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اور نوازتا چلا جائیگا۔ پس شکر گزاری ہمارا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر اس کے آگے جھکتے چلے جانا ہمارا کام ہے۔ جب تک ہم ایسا کرتے رہیں گے ہمارے قدم کامیابی کی طرف بڑھتے رہیں گے۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بعض مہمانوں کے جلسہ اور جماعت کے متعلق تاثرات بیان فرمائے۔ برکینا فاسو سے ایک ڈاکٹر نے کہا کہ میں پہلی بار جلسہ میں آیا ہوں۔ جس چیز نے مجھے متاثر کیا وہ یہ تھی کہ ہزاروں افراد ایک مشترکہ مقصد کیلئے ایک مقام پر ایک مذہبی لیڈر کے گرد جمع ہیں۔ سب کے سب متحد ہیں اور سب کا مطمع نظر ایک ہے۔ احمدیوں کا اپنے خدا کے ساتھ اور امام جماعت کے ساتھ غیر معمولی وفا کا تعلق ہے۔

ملک بلیز کے ایک شہر کے مشیر آئے ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا میں نے اپنی زندگی میں کبھی اتنے پر امن لوگ نہیں دیکھے۔ میں یقین نہیں کر سکتا کہ کچھ لوگ اسلام کو دہشت گردی کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔ میں نے جو روحانی ماحول یہاں دیکھا ہے اور لوگوں کا جو آپس میں حسن سلوک دیکھا ہے وہ یقیناً قابل تعریف ہے۔

اٹلی سے ایک صحافی آئے ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا میں نے جلسہ کے بارہ میں پہلے سنا اور پڑھا ہوا تھا لیکن اس میں شرکت ایک بالکل مختلف تجربہ ہے۔ مجھے رضا کاروں کے کام نے بہت متاثر کیا۔ اسی طرح نظم وضبط اور صفائی کا نظام بہت شاندار تھا۔ جو سب سے اہم چیز میں نے جلسہ میں دیکھی وہ نماز تھی اور وہ لوگوں کیلئے کس قدر اہم ہے۔ میں مسلمان نہیں ہوں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح احمدی عبادت کرتے ہیں یہ ہر انسان کا اولین فرض ہے۔

کینڈا سے انڈیجینس خاتون نے جلسہ کے متعلق کہا کہ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ میں اپنی قوم کے اور لوگوں کے ساتھ اس سال جلسہ میں شامل ہوئی۔ عالمی بیعت میرے لئے بہت جذباتی موقع تھا۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی ایسی تقریب نہیں دیکھی جو ہر انسان کو دوسرے کے قریب کر دیتی ہے۔ میں بھی سب لوگوں کے ساتھ جذباتی تھی اور کبھی ایسی روحانیت میں نے محسوس نہیں کی۔

آخر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ اللہ تعالی ہمیں عاجز اور شکر گزار بندہ بنتے ہوئے ہمیشہ اپنی اصلاح کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ اور ہمیشہ ہم جماعت سے ایک خاص اور پختہ تعلق رکھنے والے ہوں۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعثت کے مقصد کو پورا کرنے والے ہوں۔

خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَن يَّهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلاَ هَادِىَ لَهُ ۞وَاَشْهَدُ أَنْ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ ۞ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُه۞عِبَادَاللهِ رَحِمَکُمُ

اللہُ ۞ اِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ
يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۞ اذْكُرُوا اللهَ يَذْكُرْ كُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللهِ اَكْبَرُ ۞

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89